روزنامہ جنگ
بانی : میر خلیل الرحمٰن
بدھ 5/ذوالحجہ 1445ھ 12/جون 2024ء

ایڈوائزر وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کی جنڈ میں کھلی کچہری، شہریوں کی سرکاری اداروں کیخلاف شکایات

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے ایڈوائزر میجر جنرل (ر) ہارون سکندر پاشا نے گزشتہ روز جنڈ ضلع اٹک میں کھلی کچہری کے دوران وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سنیں اور متعلقہ اداروں کے افسران کو موقع پر ہدایات جاری کیں۔ کھلی کچہری میں شکایت کنندگان نے بجلی، گیس، نادرا، اسٹیٹ لائف اور پاکستان پوسٹ آفس کے علاوہ صوبائی محکموں کے خلاف شکایات پیش کیں۔ ایڈوائزر وفاقی محتسب نے گیس کنکشن میں تاخیر اور رشوت کی شکایت پر متعلقہ اہلکاروں کے خلاف انکوائری کر کے رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا۔

روزنامہ دنیا اسلام آباد، بدھ، 12 جون 2024ء

بانی ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود
روزنامہ
دنیا
اسلام آباد

وفاقی محتسب کی پروٹیکٹوریٹ دفتر کیخلاف معائنہ ٹیم تشکیل

بدانتظامی کی بڑی تعداد میں شکایات کاازخودنوٹس،ٹیم دفتر کے دورہ میں جائزہ لے گی

ٹیم آفس میں موجودلوگوں کی شکایات سنے گی،انتظامیہ سے مل کرحل تلاش کرے گی

اسلام آباد(نامہ نگار)وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پروٹیکٹوریٹ آف امیگرنٹس کے خلاف بدانتظامی کی شکایات کاازخودنوٹس لیتے ہوئے وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے سینئر ایڈوائزر احمد فاروق کی سربراہی میں معائنہ ٹیم تشکیل دے دی جو آج پروٹیکٹوریٹ آف امیگرنٹس رحمن آباد راولپنڈی کا دورہ کرے گی۔واضح رہے وفاقی محتسب نے بدانتظامی بشمول بیرون ملک سفر میں رکاوٹیں، پروٹیکٹوریٹ سٹیمپ لگانے میں تاخیراورایجنٹوں کی دخل اندازی کی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے ٹیم تشکیل دی جودورہ کے دوران شکایات کاجائزہ لے گی اورحل کیلئے تجاویز پرمبنی رپورٹ وفاقی محتسب کو پیش کرے گی۔ٹیم موقع پرموجودافراد کی شکایات سنے گی اورانتظامیہ سے مل کرحل تلاش کرے گی۔